© rasailojaraid.com



# خیر خواہ کی گزارش

ریٹائرڈ حضرات وخواتین کی خدمت میں

— سامنے کی بات ہے۔ زیادہ وقت گزر چکا ہے، کم وقت باقی ہے۔ دائیں بائیں دیکھیے! کتنے ہی ساتھی اُٹھ اُٹھ کر جا چکے ہیں۔ اب اپنی باری ہے۔

— جو وقت رہ گیا ہے، مختصر ہے۔ ضائع کرنے کے لیے نہیں ہے، تیاری کے لیے ہے۔

— ان آخری لمحات میں جتنی زیادہ محنت کرلیں گے، اتنی زیادہ مزدوری ملے گی (یقین رکھیے)

— اپنی زندگی کی فلم نظروں کے سامنے لائیے۔
(اس سے پہلے کہ فرشتہ ڈسک ہاتھ میں دے کر کمپیوٹر پر بٹھا دے)

— نیکیاں بھی کی ہوں گی گناہ بھی۔

— گناہ معاف کروانے کا موقع غنیمت جانیے۔

— کسی کا حق غصب کیا ہو تو ابھی ادا کر دیجیے یوں سستے چھوٹ جائیں گے۔

— مال و دولت جمع ہے، اور اولاد اپنے پاؤں پر کھڑی ہے، تو زیادہ سے زیادہ اللہ کی راہ میں خرچ کر دیجیے۔ بہت جلدی کئی سو گنا ہو کر واپس مل جاتا ہے۔

— مہلت جب تک ہے، مہلت عمل ہے، سو عمل کیجیے۔

— اللہ تعالیٰ آپ کو صحت دے، زندگی دے، توانائی دے تاکہ آپ اس کے لیے زیادہ سے زیادہ اعمالِ حسنہ کریں۔

— تہجد بھی ضرور پڑھیے، لیکن اپنے اعمال سے اپنے کو تہجد پڑھنے کے قابل بھی بنائیے

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com